درین

بلوچی عوامی گیت معہ منظوم ترجمہ

عطا شاد ۔ عین سلام

بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

۱

درین

بلوچی عوامی گیتوں کا مجموعہ معہ منظوم اُردو ترجمہ

Balochi Academy Quetta
ACC NO. 529
LIBRARY

تالیف و ترجمہ

عطا شاد ۔۔۔ ع۔ سلام

چھاپ و شنگ

بلوچی اکیڈمی

ٹاؤن ہال کوئٹہ

تعداد ـــــــ یک ہزار

چاپ ـــــــ اول

قیمت ـــــــ ۳ روپے

زمانہ پرنٹنگ پریس جناح روڈ کوئٹہ

فہرست

صوت:-	او ستارہ سری	او ستارہ سری	۱۸
	مہرءِ چوڑیاں	پیار کی چوڑیاں	۲۲
	بدل	صلہ	۲۶
	بیا منی	آ یار	۳۰
	یلہ دے دُنیاءِ خیال ءَ	چھوڑ دُنیا کا خیال	۳۴
	من تئی گناہ چہ کتہ	کیا ہے مری خطا	۳۸
	بالی کپوت	پنچھی بنتا	۴۲
لاڈوک:-	دل پشومان انت	دل پشیمان ہے	۴۸
	گل ءِ گُنزگ ءَ بیا	اے گُل نوبہار	۵۲
	دلبر چشیں قہرءَ مکن	مت روٹھ مجھ سے	۵۶
	او دردءِ دوا	اے دُکھ کی دوا	۶۲
ھالو:-	ہلو ہالو کنت	ہلو ہالو کہو	۷۰
	ہلو ہالو کنت میرءَ	ہلو ہالو بنا ہے میر دولہا	۷۴
سپت:-	سپت	ثنا	۸۰
	سپت	ثنا	۸۴
لولی:-	چم ءِ چراگ	چشم و چراغ	۸۸
	لولی دیاں بچ پارا	میں اپنے لال کو لوری سناتی ہوں	۹۲
زہیروک:-	زہیروک	زہیروک	۹۸
	او سبزیں کپوت	اے سبز کبوتر	۱۰۰

	او منی جان بیا	آمری جان	۱۰۲
لیکو:-	منی محبت ءِ بی	مرا اونٹ	۱۰۸
	بید ءِ سایگ	بید کا سایہ	۱۱۴
	بگجیر جان	بگجیر جان	۱۱۶
	ماہ جان	ماہ جان	۱۱۸
	ماہ گل	ماہ گل	۱۲۲
لیلڑی:-	لیلڑی ءَ لا	لیلڑی ءَ لا	۱۲۶
	لیلڑی	لیلڑی	۱۳۰
	لیلڑی	لیلڑی	۱۳۲
	لیلڑی	لیلڑی	۱۳۴
لیلی مور:-	بیا منی لیلی	آبھی جا	۱۳۸
ڈیہی:-	نور شلیت لودان	پھوار دو نور برساؤ	۱۴۲
	زھیر گیں دل	دل کو چین نہیں	۱۴۶
	بزگیں دلڑی	اے دلِ ناتواں	۱۵۰
	آزاتی ءِ جار	یہ قید یہ ستم	۱۵۴
	بیا بیا منی جان	آجا میری جان	۱۵۸
موتک:-	مکیں مات ءِ دل ءِ آہ	زبوں حال شفیق ماں	۱۶۲
	وائے کریداد	ہائے کریداد	۱۶۶
	بدرِ منیر	بدرِ منیر	۱۷۰
	کوہ ماران ءِ مسافر	کوہ ماراں کا مسافر	۱۷۲

بلوچی اکیڈمی

بلوچی لوک گیت معہ منظوم اُردو ترجمہ پیش خدمت ہیں۔ گذشتہ ایک سال میں اکیڈمی کی یہ دوسری پیشکش ہے۔ اس سے پہلے اکیڈمی نے بلوچی زبان کے مایہ ناز شاعر جام دُرک ڈومبکی کے مجموعہ کلام کو "درچین" کے نام سے شائع کیا۔ اٹھارویں صدی کے اس عظیم شاعر کے مقبول اشعار اور بلوچی زبان کا یہ قیمتی سرمایہ ابھی تک صرف عوامی فنکاروں اور قبائلی گویوں کے سینوں تک محدود تھا۔ اور منضبط تحریر میں لائے جانے کے لئے صدیوں سے منتظر تھا بلوچی اکیڈمی کی مساعی جمیلہ سے اب یہ سرمایہ طبع ہو کر ہمیشہ کیلئے دستبرد زمانہ سے محفوظ کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں بلوچی اکیڈمی کی کوششیں جاری ہیں کیونکہ ہمیں اندیشہ ہے کہ اگر مستقبل قریب میں بلوچی ادب کے شہ پارے جمع نہ کئے گئے تو یہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ضائع ہو جائیں گے۔ اب تک ہم نے مختلف ذرائع سے بلوچی زبان کے صوفی شاعر مست توکلی مری کا مجموعہ کلام جمع کیا ہے جو اُردو ترجمہ اور ان کی زندگی کے حالات کے ساتھ بہت جلد شائع کیا جائے گا۔ اسی طرح مُلا فاضل رند اور ان کے بھائی ملا قاسم رند جو انیسویں صدی کے اوائل میں مند (مکران) کے علاقہ میں بلوچی زبان کے قادر الکلام شعرا میں شمار کئے جاتے ہیں کے کلام کو بھی محفوظ کیا جا چکا ہے۔ اور کتابی شکل دی جا رہی ہے۔

بلوچی اکیڈیمی کو پہلی مرتبہ حکومت مغربی پاکستان کی طرف سے رواں
مالی سال میں پچیس ہزار روپیہ کا سالانہ گرانٹ دیا گیا ہے جس سے ہماری
اُمیدیں بندھ گئی ہیں۔ اور اکیڈمی نے اپنا قیام کے وقت جو پروگرام ترتیب
دیا تھا۔ اُسے عملی جامہ پہنانے کے ذرائع فراہم ہو رہے ہیں۔ بلوچی زبان اور اد
کی تاریخ کی ترتیب اور قومی یکجہتی کے پیش نظر قومی شعراء کے پیغامات
کو بلوچی میں ترجمہ کرکے شائع کیا جاسکے گا۔ بلوچی زبان کیلئے لغت ترتیب
جائینگے۔ اور بلوچی لوک کہانیاں اور داستانیں جن میں بیشتر نظم کی صورت
ابھی تک زبان زدِ عام ہیں محفوظ کئے جاتیں گے اور عوام کو پیش کئے جائیں۔
ان میں سے شہ مُرید حانی، بیبرگ گراناز، شہداد، ماہناز، عزت مہرک، ش
سیمک۔ رلّہ گراناز۔ کیا صدو۔ دوستیں شیریں قابل ذکر ہیں۔ اسیطرح بلو
زبان کے محاورے اور ضرب الامثال بھی ابھی تک ضابطہ تحریر میں نہیں لا
جاسکے جس کے اکٹھا کرنے کیلئے اکیڈمی کو تعلیم یافتہ نوجوانوں اور خا
طور پر مختلف علاقوں میں تعینات اساتذہ کے تعاون کی ضرورت ہوگی۔

لوک گیت اور اُن کے ترجمہ کے بارے میں مؤلف اور مترجم کی کاوش
قابل ستائش ہیں۔ اور مجھے یقین ہے کہ لوک گیتوں کی تدوین و ترتیب او
کا اُردو نظم میں معیاری ترجمہ بلوچی ادب اور زبان سے دلچسپی رکھنے وا
کیلئے مزید معلومات کی فراہمی کا مناسب اور موزون ذریعہ بنے گا۔

بشیر احمد بلوچ
اعزازی سکریٹری

دانکے

ارمان انت کہ بلوچ گونگیں عہدی اِستمان ءِ شعری مٹی تارِیخ مردمی پہ سرپوری ءَ نوشتہ بوتہ نہ بوتہ، نہ اے پورہ کئے ءَ زیادہیں دگو ئے گور کتہ۔ مردمی دچار دانترہ ہم انت و شعر و لوزانک ءِ پہپوک ہم۔ مئے اے بے بہائیں ہتا بنیادی قربانی دوور بیدگ ءَ ڈول ءِ چارپیریں مرد مانی بانداشت ءَ باہوٹ لوگ دل ءَ جاگہ ءِ دورانت۔

بلوچستان کہ چار رنگ نا آپیں کوہ و دمگ و بیوانیں پٹ و سندان جاگرد کتہ "رووا" پہ پے بوت کنت۔ اگں بنیت ہم پہ ہزار مشکل اے نار سیں دوری ءَ آمرتی چے بیت۔ الم ءَ ہمیشیں کہ زوان و لوزانک ءِ وت من وت ءِ "ٹاک" و "تاکی" جتائی ءَ ئے جاگہ بوت کہ ما گجان "موت" ءِ درچیاں۔ تاں ذیبی ءَ بزیریں نہ کجام "بیگو" ءِ چیں کناں۔

معتا لنکت و یک زبان ئے تے ءَ دوی زبان ءِ ترینگ ءَ عقل ایش انت کہ یک قوم ءَ لوزانکی طلب ءَ گوں دوی قوم ءَ زوان ءِ یک کنگ یا یک استمانے سجنینند و نیاد "گپ و تران" دوو درھسبند ءَ گوں دوی استمان ءِ "سنچیشیں" بدل کنگ کہ آ اولی قوم ءَ لوزانکی دربیدگی جتائی ہم ہمانیت او دوی قوم ءَ زبان ءِ ہم جاہ بیت سے آستیں "ازم" نہ ایت۔ ما وٹی "منا" جہد ہے کرتہ کہ منی و زبان ءَ ترینگ ءِ واتے فرض ءِ پورا بکناں۔ ما باز ہنداں اے خیال ہم داشتہ

کہ بلوچی ءِ تنگ (بحر) ءِ بازیں بلوچی لوزگ، اُردو ءِ ہیچ بدل نہ وارنت۔ بہ
بیت کہ بلوچی ءِ ات اوں لے ما پہ نانت کُرتہ۔ چیش بگش کہ اے یک وز
تجربت ءِ کہ ایج ایشی وت اُردو زبان ءِ دامن پراہ نت بلے پہ دُنی دریں
مادی اَولی فرض ہم نہ شُوشتہ۔

بازبرا ما اِج بلوچی صوتانی اصلی تنگ، ونگال ہم دست کش بوتگان ہمے
سوب کہ ما آوانی ءِ شرتریں وابگیں رنگے ءِ ہرت بگنان۔

ہمچیں صوت لیکو، ڈیہی۔ کہ بازکس ءِ گشتگ انت۔ او ہرکس ءِ پہ وقدا
ماچارتہ ہر لحب ام کہ شرتر معانئے درکیت۔ او دل ءِ زیات کارکنت۔ ہمائی بزوران
بلوچی ءِ گیدی صوتانی بازچیش ہم استنت کہ پہ معنا بچارے تہ دوی تہرے
وارنت۔ بام وزیل وطرز ءِ بگندے تہ دوی تہرے ءِ انت۔ چیش کہ بازلیکو ءِ گال
گوں صوت ءِ ہوار انت۔ ڈیہی ءِ زہیروک ءِ۔ یا موتک ءِ۔ لے اسی پد
وسے دراچی ءِ نے زانت پیشا چنیں ودہ ءِ مادلیتر کہ گال زیات کجاں تہرے
ہوار انت۔ او اولی بام وزیل ءِ ہمچیں کجام انت۔ ما ہما ذکرتہ۔

تالے وند ءِ ہرچی گیدی مُدی ءِ مے دست ءِ کپتہ۔ ما پہ شما تیار کنت
ما شو نگاو نیاں دگر رسیت۔ تہ دومی "جاپ شنگان" ہوار کناں۔

دراہی شمے

ع۔ سلام عطاشاد

دو باتیں

یہ امر افسوسناک ہے۔ اور قابلِ توجہ بھی۔ کہ آج تک تعلیم اور ادبی ذوق قریب قریب عام ہونے کے باوجود بلوچ ایسی قدیم اور عظیم قوم کا شعری ادب ختم نہ ہو سکا۔ اور آج بھی بیشتر بلوچی شعری سرمایہ قرونِ وسطیٰ کی تہذیبی روایات کی طرح چند ذہنوں کی میراث ہے۔

بلوچستان کے جغرافیائی خاکے کو نظر میں رکھیئے خشک بلند پہاڑوں اور چٹیل وسیع میدانوں کی اس سرزمین میں جہاں ذرائع آمد و رفت نہ ہونے کے برابر ہیں۔ رسل و رسائل کی ناآسودگی نے مختلف مقامات اور علاقہ جات کے درمیان وہ دشوار گذار فاصلے جنم دیئے ہیں۔ جن کا منطقی نتیجہ زبان و ادب میں (VERSIONS) دائمی لہجوں اور تلفظات کا لازمی فرق ہے۔ رسل و رسائل کی قریباً عدومیت اور اس سے پیدا شدہ (خصوصاً لوک گیتوں کے ضمن میں) متفرق روایتی لہجوں اور (VERSIONS) کا تنوع کی قدرتی موجودگی میں مختلف علاقوں کے لوک گیتوں کی فراہمی اور ان کا انتخاب ہمارے لئے خاصا صبر آزما مرحلہ رہا ہے۔

ترجمہ ــــــــ ایک زبان کے مزاج کو دوسری زبان میں منتقل کرنا، ایک قوم کی افتادِ طبع کو دوسری قوم کے طبعی رجحانات میں ڈھالنا، ایک ماحول کو دوسرے ماحول میں مبدّل کرنا، ایک مشکل فن ہے۔ بلوچی لوک گیتوں کے ترجموں میں جہاں تک ممکن ہو سکا ہے۔ ہماری یہی کوشش رہی ہے کہ ترجمے کی ہیئتی حیثیت

وہی ہے۔ جو اصل گیت کی ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ ان ترجموں میں آپ کو بلوچی
بحر کے علاوہ کہیں کہیں بلوچی الفاظ اور ترکیبیں بھی ملیں گی۔ بلوچی الفاظ اور ترکیبوں
کا عمداً استعمال اردو زبان و ادب کی ترویجی افادیت کے پیش نظر محض ایک تجربے
کے طور پر کیا گیا ہے۔ تاہم اس کے ساتھ تا حد بساط یہ خیال بھی رکھا ہے۔ کہ یہ بھی
گیت کی معنویت کو مجروح نہ کرے اور معنویت اور تاثر کو برقرار رکھنے کیلئے کہیں
کہیں گیتوں کی اصل ہیئت سے انحراف بھی کیا ہے۔ ایک ہی گیت کے مختلف
(YERSIONS) ہونے کی صورت میں ہم وہی ورژن اپنایا جس سے گیت کی مجموعی
اثر آفرینی اور مرلوطیت قائم رہ سکتی تھی۔

بلوچی لوک گیتوں کی ایک اہم خصوصیت ان کی دھن یا گیت ہے۔ کوئی گیت
جو معنوی اعتبار سے کسی ایک صنف سے متعلق ہوتا ہے۔ گت یا مخصوص طرزِ آہنگ
اسے کسی دوسری صنف میں مقبول بنا دیتا ہے۔ ظاہر ہے۔ لوک گیت کے اس
عوامی معیار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ گیتوں کی صنف بندی کے دوران ہم نے
گت یا طرزِ موسیقیت کو خاص طور سے ملحوظ رکھا ہے۔

سر دست جس قدر گیت دستیاب ہو سکے پیش خدمت ہیں۔ ہماری کوششیں
جاری ہیں۔ بشرطِ فراہمی آئندہ ایڈیشنوں میں مزید گیتوں کا اضافہ کیا جا سکے گا۔

بیوس سلام ـ عطا شاد

پر چے نشتگے دل تنگ ءُ؟
سازے چو گشو کیں جنگ ءُ
بیروخت داب کنت نوذی غُل
گندیم گو نگیں لڑکی تل
استین دیپایاں تر و نگل
جم کن شپ چراگ سرا دانی
گنج و قیمت ءُ نیا دانی
آسکین مہ کن ذر دانگ
پھکیں اشرفی ءُ حیا نگ
بالاد ءِ کنگ دیوانگ!!

اے جاں یہ خوشی کیسی
جاناں! یہ اداسی کیسی؟
تو ایک دھڑکتی لے ہے
نغمہ ہے سرود نے ہے
سنولے تو بھنوروں کا راگ!
جھلکے مرمریں گل اندام!
برفاب بدن، مہ پیکر
تنتہ دل شب غم پرور
اک لطف نظر ہو ہم پر
ہم تیرے لئے دیوانے

(فاضل)

٭

میری محبوبہ کونج کی مانند
صبح دم اُٹھ کے سَیر کو نکلے
اور خراماں کبوتری کی طرح
مجھ کو اپنی ادا سے بہلائے

(جامؔ)

سَوت

بلوچی لوک گیتوں کی مقبول ترین صنف "سَوت" بلوچستان کے تقریباً سبھی علاقوں میں مستعمل ہے۔ اس صنف سے متعلقہ گیتوں کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ شادی بیاہ اور دیگر پرمسرت تقاریب میں گائے جاتے ہیں۔ ان گیتوں میں مسرت و بہجت کے جذبات کے علاوہ گاہے گاہے ہجر و فراق اور رنج و غم کے مرقعے بھی پیش کئے جاتے ہیں مشترکہ متضاد احساسات کا پُرخلوص اظہار اس صنف کی مقبولیت اور ہردلعزیزی کی بڑی وجہ ہے۔ "سوت" میں مرد اور عورت ناچ اور تالیوں کے ساتھ حصّہ لیتے ہیں۔

او ستارہ سریٔ

او ستارہ سری

یلہ بدے مدگاں
مارا کشتہ تئی کبگی لڈگاں

او ستارہ سری

زلفاں موشے چنگ کنے
چوں وت شرّ رنگ کنے

او ستارہ سری

مہر کنے، قہر کنے
داب عجب تہر کنے

او ستارہ سری

او ستارہ سری

او ستارہ سری

مار ڈالے گی یہ خوش خرامی تری

مست رفتار ہے جیسے کبکِ دری

او ستارہ سری

ان سنوارے ہوئے گیسوؤں کی قسم

تو ہے میرے خیالوں کی نیلم پری

او ستارہ سری

تیرا جوبن سنگھار اور میرے لئے؟

اک قیامت ہے تیری کرم پروری

او ستارہ سری

دست تئی حنّی رجاں

زلف تئی سیاہیں مُجاں

او ستارہ مری

کشکو گوری پیت وزری

مُاہ پری ! ماہ پری

او ستارہ مری

تیرے ہاتھوں کی مہندی ہے افسونِ رنگ
اور زلفیں گھٹاؤں کی جادوگری

او ستارہ سری

تیرا رنگین ملبوس، کشکو گوری
تو چمکتے ہوئے چاند کی ہے پری

او ستارہ سری

او ستارہ سری — اے لمبے ستاروں سے مزین دوپٹے والی!
کشکو گوری — ایک خاص بلوچی کشیدہ لباس پہننے والی

مہرے چوڑیاں

مہرے چوڑیاں
ٹکاں کھ

مرواردو ڈُراں بچار

مہرے چوڑیاں

آدینگ دے زبردست دے بکن
ڈُرڑو چُلنہاں سیل بکن

پیار کی چوڑیاں

پیار کی چوڑیاں
ٹَنک پروئے ہوئے
دُر دمکتے ہوئے
موتیوں کی جھمکتی ہوئی کہکشاں
پیار کی چوڑیاں

اے ستارہ جبیں
مہ رُخ و نازنیں
دیکھ آئینے میں جھولتی بالیاں
پیار کی چوڑیاں

زیب ئے تلاد اتگٹ خدا
وگ ءِ سنگار بگن

مہر ءِ چوڑیاں

کایان بننگ تئی گندگا
دُرّو چلنب برامبت ترا

مہر ءِ چوڑیاں

حسنِ زیبا ترا
ہے خدا کی عطا
زیبِ خلوت رہیں تیری رعنائیاں
پیار کی چوڑیاں

تیرا روپ اور سنگھار
اے سراپا بہار
آئی ہیں دیکھنے تیری ہمجولیاں
پیار کی چوڑیاں

زیب — زیور
دُر — آویزہ

بدل

جنک — بیا منءِ درنگاں ایرکن او اسپیں چادری!

بچک — من ترا درنگان ایرکناں سُہرپشکیں جنک!
من ترا درنگاں ایرکناں مزدءِ چہ دیئے؟

جنک — یادیانٔ ہارءِ یادیاں دستءِ سنگوا

بچک — چوں کناں ھارءِ چوں کناں دستءِ سنگوا
شیپگیں پونزے لوٹانٔ و شنگیں مہیرے

جنک — شیپگیں پونز و شنگیں مہیر چو دستءِ نہ ایت
زامری ترنجے بان او درنگاں آ بُشان

بچک — کوہی ملخے بان تئی سرءِ چیرانٔ چران

جنک — نودی گرگگے بان اُمن گوسہےءِ رچان

صلہ

لڑکی — ذرا رُک، مجھے اس بلندی سے نیچے اُتار آ کے، اے جانے والے

لڑکا — تجھے میں اُتار دوں، یہ منظور، اے شعلہ پوشاک! لیکن مجھے
اس کے بدلے میں کیا مل سکے گا

لڑکی — تجھے اپنا یہ ہار یا اپنے ہاتھوں کا سنگھی میں دے سکوں گی

لڑکا — مجھے ہار یا تیرے ہاتھوں کے سنگھے سے کیا واسطہ
میں تو شیدا ہوں نازک کٹار ایسی ناک اور پھنکارتے گیسوؤں کا

لڑکی — کٹار ایسی ناک اور لہراتی زلفوں کا پانا
اس قدر کیوں ہے آسان جانا
میں ترے ہاتھ کب آؤں گی، میں تو چھپ جاؤں گی
اونچی ٹہنی کے پتوں میں بن کر ترنج

لڑکا — چاٹ جاؤں گا بن کر بہاری ملخ، سبز پتوں کا جھنڈ

لڑکی — اور اگر میں برسنے لگوں دامنِ کوہ میں بن کے ہلکی پھوار؟

بچک — تنی نیں صحیدے باں تنی لوک آپاں وراں

جنک — پنبڑی دلنے باں او بہ بڑی ءَ رچاں

بچک — سبز کپوت مرغے باں ترا زیت پہ سنٹ جناں

جنک — ریچے کر گوشگے باں او بہ ریحبان واب کناں

بچک — من شپانک مردے باں ترا دست لٹے جناں

جنک — بیر میں پاگے باں من سالونک ءِ سرا

بچک — پچنگ جنیں ڈومبے باں ترا پہ داد براں

جنک — محتاج ءَ بچے باں او پہ محبتا جیں دل ءَ

بچک — ملکوت مردے باں ترا زیت پہ مرک براں

جنک — دل تنی شیت کر دے منا بازیں وشی ءَ

من تنی بانوراں بیا سیری کلھا

لڑکا اک پہاڑی ہرن بن کے پی جاؤں گا آب شیریں ترا

لڑکی اور اگر جوار کا دانہ بن جاؤں میں

جو پڑا ہو کسی خشک میدان میں؟

لڑکا بن کے صحرا کا پنچھی اُچک لوں گا میں

لڑکی اور اگر بن کے خرگوش سو جاؤں میں، جھاڑیوں میں کہیں؟

لڑکا بن کے چرواہا، لاٹھی کی ضربوں سے میں تجھ کو چونکاؤں گا

لڑکی اور اگر بن کے میں ایک پگڑی سرِ نوشہ پہ بندھ گئی

تو بتاؤ کہ پھر کیا کرو گے؟

لڑکا تو میں ایک گاہک بنوں گا۔ تجھے دادِ فن کے عوض مانگ لوں گا

لڑکی اور اگر یہ کہوں میں ہوں بے آسرا باپ کی ایک مجبور بیٹی

لڑکا تو بن کر فرشتۂ اجل کا تجھے لے اُڑوں گا

میں اُن آسمانوں کی پہنائیوں میں۔

لڑکی مجھے تیرا پیار اور تیرا یقیں دیکھ کر ایسا محسوس ہونے لگا ہے

کہ شہنائیاں گونج اُٹھی ہیں اور ہر طرف ایک ہنگامۂ

رقص و آہنگ ہے۔

بیامنی...

بیا منی زباد مال
نندے خراسان
لے تو مُبا تاں
بیا منی زباد مال
چمان رو داراں
دوستا ہو سلامان
بیا منی زباد مال
کنڑیں گلا لک
کا گدیں رگان
بیا منی زباد مال

آیار ...

آیارِ زبادؔ افشاں

تو زیبِ خراساں ہے

اس عجب سے موت آساں

آیارِ زباد افشاں

رکھوں تجھے پلکوں میں

اے نامۂ صد درماں

آیارِ زباد افشاں

گیسو ترے سنبل ہیں

اور لب ورقِ گل ہیں

موتی ہیں ترے دنداں

مرواردِ دنتاں

تویک باتاں

بیا منی زبادماں

زیبا دشرے

صورتے کارسے

بیا منی زبادماں

نندان نہ نندان

قول د قراراں

بیامنی زبادماں

آ یار زباد افشاں

من موہنی صورت تو
تو حسن کی مورت ہے

تجھ پہ دل و جاں قرباں
آ یار زباد افشاں

تجھ بن نہ رہا جائے
نس دن مجھے تڑپائے

رہ رہ کے ترا پیماں
آ یار زباد افشاں

زباد ایک نغمہ

یل دے دُنیا ءِ خیال ءَ

یل دے دُنیا ءِ خیال ءِ
تومنی ءِ مَن تنُیانْ

من اِچ دریاں چپارانْ
پر تو زہیبہ کارانْ

یل دے دنیا ءِ خیال ءُ تومنی ءِ من تنیاں

پرتو من چو گنوکوں
چو انگر ءُ بچو کول

یل دے دنیا ءِ خیال ءَ تومنی ءِ من تنیاں

چھوڑ دُنیا کا خیال

چھوڑ زمانے کی یہ باتیں تو میری میں تیرا
تکتا رہتا ہوں کھڑکی سے راہ تری دن رین
نہیں کسی پل چین
کبھی تو ہوگا پھیرا
چھوڑ زمانے کی یہ باتیں تو میری میں تیرا

دیوانہ ہوں دیوانہ جہاں میں تیرے لیئے
اپنے سے بیگانہ
دل ہے اُن بسیرا
چھوڑ زمانے کی یہ باتیں تو میری میں تیرا

تئی گوجیگ ءَ من چاران

درداں دل ءِ گاں ماران

یل دئے دنیا ءِ خیال ءَ تو منی ءِ من تنئیاں

گندۓ باگ و ملگزارین

مہکاں جلوہ دارین

یل دئے دنیا ءِ خیال ءَ تو منی ءِ من تنئیاں

بیا کہ ترا بگندان

آرام دل ءِ بندان

یل دئے دنیا ءِ خیال ءَ تو منی ءِ من تن

کتنے دکھ کتنے غم دل سے ہو جاتے ہیں دور

ہوتا ہوں مسرور

تک تک تیرا ڈیرا

چھوڑ زمانے کی یہ باتیں تو میری میں تیرا

دیکھو بہاریں آپہنچیں پھولوں نے لی انگڑائی

بنے سبھی سودائی

چاند نے حسن بکھیرا

چھوڑ زمانے کی یہ باتیں تو میری میں تیرا

دید تری آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کا آرام

دیکھوں صبح و شام

تیرے رخ کا سویرا

چھوڑ زمانے کی یہ باتیں تو میری میں تیرا

من تئی گناہ چہ کُتہ

بلبل نالان گوشان دل بہ پُل
من تئی گناہ چہ کُتہ

تو چو شتو دیر کت
تئی زہیراں من کور کت

بلبل نالان گوشان دل بہ پُل
من تئی گناہ چہ کُتہ

بیائے شپے بہ نیم شپ
نشتئے تئی دیم بہ

بلبل نالان گشان دل بہ پُل
من تئی گناہ چہ کُتہ

کیا ہے مری خطا

ہیں بلبلیں بھی نالہ کناں اے گلِ وفا
کیا ہے مری خطا

تو کیا گئی کہ لٹ گئی آنکھوں کی روشنی
اب تیری یاد لوٹ رہی ہے زندگی مری

ہیں بلبلیں بھی نالہ کناں اے گلِ وفا
کیا ہے مری خطا

ڈھونڈے ہیں میری راتوں کی تنہائیاں تجھے
اے چاند آ بھی جا کہ یہ دل کی لگی بجھے

ہیں بلبلیں بھی نالہ کناں اے گلِ وفا
کیا ہے مری خطا

کوہ ءِ سرا ئے تو ؟

کوہ ءِ تہا ئے تو ؟

بلبلِ نالاں گشئے دل ءِ پُل

من تئی گناہ چہ اُنت

شپ اِت نہ اتے تو

قول ءَ درا تے تو

بلبل نالاں گشئے دل ءِ پُل

من تئی گناہ چہ گُنت

وہ دن بھی کٹتے ہیں تیرا ہی انتظار
تو کیسو گئی کہاں مری نہ دیکھی ہوئی بہار

ہیں بلبلیں بھی نالہ کناں اے گلِ وفا
کیا ہے مری خطا

آئی گئی یہ رات مگر تو نہ آ سکی
تو بھی نہ اپنا وعدہ و پیمان نبھا سکی

ہیں بلبلیں بھی نالہ کناں اے گلِ وفا
کیا ہے مری خطا

"بالی کپوت"

بالی کپوت جہلا بنند یک سوبے من ہوئ دے

بارگ شتہ دُدرو درا

ارسں رچتنت گل گلا

بالی کپوت جہلا بنت دیک سوبے من ہوئ دے

عاشق مرتیت دو سیت رنج غم ءَ

ارمان پہ چوشیں محرم ءَ

بالی کپوت جہلا بنت دیک سوبے من ہوئ دے

پنچھی بن

اُڑتے ہوئے پنچھی ذرا آ یہ بتا میں کیا کروں

جانے وہ کس بستی میں ہے

کس خواب کی مستی میں ہے

کیا میں یونہی رویا کروں

اُڑتے ہوئے پنچھی ذرا آ یہ بتا میں کیا کروں

دل رنج و غم سے چور ہے

مہجور ہے جب جو ہے

شکوہ مگر کس کا کروں

اُڑتے ہوئے پنچھی ذرا آ یہ بتا میں کیا کروں

کس گوں کسءُ چوشّ نہ کنت

دوسّتءُ پراموش نہ کنت

بالی کپوتّ جہلا بنت ریک سوبے من عاجزا

کے زانت کدی گندان گلءُ

ارسوں شلان انت گل گلءُ

بالی کپوت جہلا بنت ریک سوبے من توئرا

دنیا میں اپنوں سے کبھی
کرتا ہے ایسا بھی کوئی
حیران ہوں میں کیا کروں

اُڑتے ہوئے پنچھی ذرا آ یہ بتا میں کیا کروں

کب تک بجھے گی تشنگی
اس دیدۂ بیتاب کی
کب تک یونہی تڑپا کروں

اُڑتے ہوئے پنچھی ذرا آ یہ بتا میں کیا کروں

لاڑوگ

بنیادی حیثیت سے لاڑوگ اور سوت میں کوئی مغائرت نہیں، وہی مضامین اور وہی محل استعمال ۔ چونکہ یہ گیت 'لڑے' 'لاڑے' 'لاڑو' 'لڑو' وغیرہ' کے مہمل الفاظ سے شروع کئے جاتے ہیں اور ان الفاظ کا پورے گیت میں برابر تکرار رہتی ہے اس لئے گیتوں کی یہ صنف لاڑوگ کے نام سے مشہور ہے۔

لاڑوگ مغربی اور وسطی بلوچستان میں بہت مقبول ہے۔

دل پشومان انت

ليلڑو لاڑو ـ ليلڑو لاڑو

اچ وتی کاراں دل پشومان انت

کے جتہ تیرے کے جتہ تیرے

منی دل ءَ چونیں آس وانگیرے

اچ وتی کاراں دل پشومان انت

ليلڑو لاڑو ـــــ ليلڑو لاڑو

پُل گُدیں شاری پُل گُدیں شاری

مافقیراں تئی رہ سرہ جاری

اچ وتی کاراں دل پشومان انت

ليلڑو لاڑو ـــــ ليلڑو لاڑو

دِل پشیماں ہے

کس نے مارا تیر نظر کا

تیر نظر کا کس نے مارا

بن گیا دِل دھکا انگارا

اپنے کئے پر دِل ہے پشیماں

لیلڑو لاڑو ـــــــ لیلڑو لاڑو

اے شارَدی اے سندر ناری

اے سندر ناری اے شارَدی

میں ہوں تری راہوں میں بھکاری

اپنے کئے پر دِل ہے پشیماں

لیلڑو لاڑو ـــــــ لیلڑو لاڑو

تو کدی کائے تو کدی کائے

تو منی جہان وساہ واروائے

اِیح وَتی کاراں دِل پشومان انت

لیلڑو لاڑو ـــــــ لیلڑو لاڑو

من شپ پاسان من شپ پاسان

کیں کتہ چنڈی ماہکاں تاسان

ایح وَتی کاراں دِل پشومان انت

لیلڑو لاڑو ـــــــ لیلڑو لاڑو

عاشقی کاراں، عاشقی کاراں،

بے غمی ءَ گوں ءَ غم ءَ ماراں

ایح وَتی کاراں دِل پشومان انت

لیلڑو لاڑو ـــــــ لیلڑو لاڑو

تیری حسرت تیری تمنّا
تیری تمنّا تیری حسرت
میری ہستی میری فطرت
اپنے کئے پر دِل ہے پشیمان
لیلڑو لاڑو ــــــ لیلڑو لاڑو

اکثر میں راتیں، اے دلبر!
اے دلبر! راتیں میں اکثر
کاٹتا ہوں تارے گن گن کر
اپنے کئے پر دِل ہے پشیماں
لیلڑو لاڑو ــــــ لیلڑو لاڑو

عشق و محبت کھیل نہیں ہے
کھیل نہیں ہے عشق و محبت
ہنس کے اُٹھا دُنیا کی تہمت
اپنے کئے پر دل ہے پشیماں
لیلڑو لاڑو ــــــ لیلڑو لاڑو

گل گندگ ءِ بیا

لاڑے لڑے گو، لاڑے لڑے گو
بیا منی گل و لعل، گل گندگ ءِ بیا

پچ ءِ بن ءِ حور
اچ من مبو دور
بیا منی گل و لعل
گل گندگ ءِ بیا لاڑے لڑے...

کش کن گشان ءِ
شنگ مہپران ءِ
بیا منی گل و لعل
گل گندگ ءِ بیا لاڑے لڑے...

اے گلِ نو بہار۔۔۔

اے گلِ نو بہار آبھی جا
اے دُرِ شہوار آبھی جا

لیلڑے لیلڑے لڑے لاڑے

آمری حورِ عدنِ نخلستان
تیری دوری بنی ہے دوزخِ جاں

لیلڑے لیلڑے لڑے لاڑے

سر سے آنچل ذرا سا سرکا دے
ان گھنے گیسوؤں کو بکھرا دے

لیلڑے لیلڑے لڑے لاڑے

وشں انت تئی انکیں
سرمنی ، شنکیں

بیامنی گل ولعل
گل گندگ ءِ بیا لاڑے لڑے...

مسکیں ڈگاراں
پر تو و داراں

بیامنی گل ولعل
گل، گندگ ءِ بیا لاڑے لڑے...

بھائے اس شہر آرزو کا فسوں
دین و دُنیا نثار کیوں نہ کروں

لیلڑے لیلڑے لڑے لاڑے

دل پریشاں بھری بہار میں ہے
زندگی تیرے انتظار میں ہے

لیلڑے لیلڑے لڑے لاڑے

دلبر چشیں قہرءَ مکن

دلبر چشیں قہرءَ مکن
قہرءَ مکن زہرءَ مکن

لاڑے لڑے لاڑے لڑے

تو کے روئے دور وڈرا
زہیران پہ پرسنداں ترا

دلبر چشیں قہرءَ مکن
قہرءَ مکن، زہرءَ مکن

لاڑے لڑے لاڑے لڑے

مت روٹھ مجھ سے...

مت روٹھ مجھ سے اس قدر
مجھ پر ستم اتنا نہ کر
لاڑے لٹڑے لاڑے لٹڑے
تیری جدائی نازنیں
بن جائیگی صوتِ حزیں
(میرے لبِ خاموش پر)
مت روٹھ مجھ سے اس قدر
مجھ پر ستم اتنا نہ کر
لاڑے لٹڑے...

ماں پہ دل سنج ءَ کنے
سیاہیں شپاں لنج کنے

دلبرہ چشیں قبرہ مکن
قبرہ مکن زہرہ مکن

لاڑے لڑے لاڑے لڑے

دوست ءَ اپُسے جُت
پُل ءَ زیمی کُتہ

دلبرہ چشیں ہترہ مکن
ہترہ مکن زہرہ مکن

لاڑے لڑے لٹے لٹے

چوشیں مکن چوشیں مکن
دوست ءَ عطا ہوش مکن

دلبرہ چشیں ہترہ مکن

تیرے بنا یہ چاندنی
کالی بلا بن جائے گی
(دل کو ڈسے گی عمر بھر)

مت روٹھ مجھ سے اسقدر
مجھ پر ستم اتنا نہ کر
لاڑے لڑے...

یہ پھول تیرے پیار کا
جو آج ہے مہکا ہوا
(بن جائے گا زخمِ جگر)

مت روٹھ مجھ سے اسقدر
مجھ پر ستم اتنا نہ کر
لاڑے لڑے...

مجھ کو نہ اب اتنا ستا
اتنا نہ دیوانہ بنا
(ایسا نہ کر، ایسا نہ کر)

قہرءَ مکن زہرءَ مکن

لاڑے لڑے لاڑے

گوما مکن دورو دَرئیٔ

بے توچراگ انت دِل مرئیٔ

دِلبر حیثیں قہرءَ مکن

قہرءَ مکن زہرءَ مکن

لاڑے لڑے لاڑے

مت روٹھ مجھ سے اسقدر
مجھ پر ستم اتنا نہ کر
لاڈے لڑے...

اندوہ میں ڈھل جائے گا
بجھ جائے گا تیرے بنا
دل ہے چراغ رہگذر

مت روٹھ مجھ سے اسقدر
مجھ پر ستم اتنا نہ کر
لاڈے لڑے...

اودرد ءِ دوا

بیا او منی درد ءِ دوا
آرام نے بیتو دِل ءَ
لاڑے لڑے لاڑے لڑ

بیتو من زندءَ چوں کناں
بیتو من ہچ زندگ مباں

بیا او منی درد ءِ دوا
آرام نے بیتو دِل ءَ
لاڑے لڑے لاڑے ل

اے دُکھ کی دوا

آ اے مرے دُکھ کی دوا
بے کل ہے تجھ بِن دِل مرا
لاڑے لڑے لاڑے لڑے

جب تو نہیں اے دل رُبا
بیکار ہے جینا مرا
کیسے جیئوں یہ تو بتا
آ اے مرے دُکھ کی دوا
بے کل ہے تجھ بِن دِل مرا
لاڑے لڑے لاڑے لڑے

چم تئی خمار و کجلاں

ٹپ آزگاں غم سعجلاں

بیا او منی درد ءِ دوا

آرام نے بیتو دل ءَ

لاڑے لڑے لاڑے لڑے

اے ماہکان و اے ہتم

ہچ نہ گنت دردان ءِ کم

بیا او منی درد ءِ دوا

آرام نے بیتو دل ءَ

لاڑے لڑے لاڑے لڑے

ما را کشاں غم زیادہیں

اے درد ھر دم زیادہیں

بیا او منی درد ءِ دوا

مخمور آنکھوں سے تری

کمہلا گئی ہے زندگی

دل نے ہے دھڑکا حادثہ

آ اے مرے دکھ کی دوا

بے کل ہے تجھ بن دل مرا

لاڑے لاڑے لاڑے لاڑے

یہ مسکراتی چاندنی

یہ رات خوشبو سے لبی

ساغر ہے گویا زہر کا

آ اے مرے دکھ کی دوا

بے کل ہے تجھ بن دل مرا

لاڑے لاڑے لاڑے لاڑے

سیلِ الم طوفانِ غم

کس طرح ہو پائیں گے کم

جب تو نہیں درد آشنا

آرام نے بیتو دِل ءَ

لاڑے لڑے لاڑے

بیا کہ غماں گار کناں

وابیں دِل ءَ سار کناں

بیا او منی درد ءِ دوا

آرام نے بیتو دِل ءَ

لاڑے لڑے لاڑے

آ اے مرے دُکھ کی دوا

بے کل ہے تجھ بن دِل مرا

لاڑے لڑے لاڑے لڑے

آجا کہ ظلمت دُور ہو

روشن دِل رنجور ہو

جاگ اُٹھے بخت نارسا

آ اے مرے دکھ کی دُوا

بے کل ہے تجھ بن دِل مرا

لاڑے لڑے لاڑے لڑے

ھالو

شادی بیاہ کے موقعوں پر گایا جانے والا یہ گیت بھی سوت ہی کی ایک قسم ہے۔ لاڑدک کے برعکس "ھالو ھلو" کی مسلسل تکرار اس کی خصوصیت ہے۔

یہ گیت دولہا دُلہن کی تعریف و توصیف میں اس وقت چھیڑے جاتے ہیں جب دُلہن کو کٹہ (حجلۂ عروسی) اور دولہا کو کورگٹ (وہ خاص مقام جہاں دُولہا کو لے جا کر نیا جوڑا پہنایا جاتا ہے اور جہاں نشانہ بازی اور تیغ آزمائی کا مظاہرہ بھی کیا جاتا ہے) میں سجایا جاتا ہے۔

ھالو کا رواج مغربی اور وسطی بلوچستان میں عام ہے۔

ہلوہالو کنت

ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو انت
ہلو ہالو کنت منے دیدگا را
ہلو ہالو کنت چمّانی نوُر ءَ
ہلو ہالو ہلو ہالو منے حور ءَ

منی شاہ زادگیں دیوان ءِ براہیں
منے چم و دیدگ ءُ منے ماہ و سناہیں
ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو انت

ہلو ہالو کہو

ہالو ہلو ہالو ہلو
میری نظر کے نور کو
اس جگمگاتی حور کو
ہالو ہلو ہالو ہلو

یہ جگمگاتی حور ہے، ہمجولیوں کی داستاں
ناز اس پہ کرتی ہیں سبھی یہ کنواریاں ہمجولیاں
ہالو ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو

من ندراں پہ جنگ ءَ مہ کجیناں
جنگ ءَ مہ کجیں جسم کجیناں

ہلو ھالو ہلو ھالو ہلو انت

مرادی دگنوکاں من چہ حورءَ
نہ بی سالونک اچ بانور دورءَ

ہلو ھالو ہلو ھالو ہلو انت

منی بانور ماہے چاردہی ماہ
عجبیں زیبا و شرّیں کلہ بوراہ

ہلو ھالو ہلو ھالو ہلو انت

منی لعل لائق انت سورءِ گرانی
سرو کرانت گل مروچی بانگانی

ہلو ھالو ہلو ھالو ہلو انت

اس چاند سی بنّو پہ میری زندگی قربان ہے

دیکھو تو کاجل کو بھی ان آنکھوں پہ کتنا مان ہے

ہالو ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو

میں ہو گئی ہوں باوری بنّو کی صورت دیکھ کر

بنّے کو بھی رشک آئے ہے میری یہ حالت دیکھ کر

ہالو ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو

نازک بدن گل پیرہن یہ چاند کی مورت دلہن

شوبھا ہے گھر کی لاج ہے گلشن کی یہ زینت دلہن

ہالو ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو

زرتار پیراہن سجے بنّو کے قامت پر سدا

نازاں رہیں ہمجولیاں بنّو کی قسمت پر سدا

ہالو ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو ہالو ہلو

ہلو ہالو کنت میرءَ

ہلو ہالو کنت وشیں ہلوئیں

ہلو ہالو کنت میرءِ منی ءَ

ہلو ہالوا

ہلو ہالو کنت احتہ چہ دُور ءَ

ہلو ہالو کنت چمّانی نُور ءَ

ہلو ہالو کنت میرءِ منی ءَ

ہلو ہالو کنت میرءِ یلین ءَ

ہلو ہالو کنت آپُل گُدین ءَ

ہلو ہالو کنت میرءِ منی ءَ

ہلو ھالو بنا ہے میرو دولہا

ہلو ھالو خوشی کے گیت گاؤ
مناؤ جشن ناچو گن گناؤ
ہلو ھالو بنا ہے میرے دولہا

بہت ہی دور سے آیا ہے بنا
سبھی کی آنکھ کا تارا ہے بنا
ہلو ھالو بنا ہے میرے دولہا

سجا ہے پھول سا ملبوس کتنا
مقدر ناز کرتا ہے کسی کا
ہلو ھالو بنا ہے میرے دولہا

ہلو ھالو بنا ہے میرُو دولہا

ہلو ھالو خوشی کے گیت گاؤ
مناؤ جشن ناچو گن گناؤ

ہلو ھالو بنا ہے میرُو؎ دُولہا

بہت ہی دُور سے آیا ہے بنا
سبھی کی آنکھ کا تارا ہے بنا

ہلو ھالو بنا ہے میرُو دُولہا

سجا ہے پھول سا ملبوس کتنا
مقدر ناز کرتا ہے کسی کا

ہلو ھالو بنا ہے میرُو دولہا

؎ میرُو   دولہا کا فرضی نام

بلوچ ہالو کنت شیرین مزارءَ
بلوچ ہالو کنت دریا دِل ءُ را

بلوچ ہالو کنت میرءِ مہ...

بلوچ ہالو کنت زحم و کلاشارا
بلوچ ہالو کنت لچ و میارا

بلوچ ہالو کنت میرءِ امی...

بلوچ ہالو کنت شاہین بلوچان
بلوچ ہالو کنت اے ماہ و روچان

بلوچ ہالو کنت میرءِ منی ع...

مبارک اس بہادر کو جری کو

مبارک میر کی دریا دلی کو

ہلو ہلو بنا ہے میرے دولہا

مبارک اس کی غیرت کو حیا کو

مبارک اس جوان تیغ آزما کو

ہلو ہلو بنا ہے میرے دولہا

سلامت باد اے شاہِ جہان

سلامت باد اے مہرِ درخشاں

ہلو ہلو بنا ہے میرے دولہا

سپت

سپت لفظ صفت سے متاثر ہے۔ اس میں عموماً حمدیہ نعتیہ اور مناقب سے متعلق مضامین ادا کئے جاتے ہیں۔ یہ گیت بچہ تولد ہونے پر کئی کئی راتوں تک زچہ کیلئے گایا جاتا ہے عورتیں مل کر گاتی ہیں اور ساز وغیرہ سپت کیلئے ضروری نہیں۔

بلوچستان کے ضلع مکران کا یہ مقبول لوک گیت عموماً ایک یا دو شعروں پر مشتمل ہوتا ہے

سپت

یک منی چپُل پُل ءَ بریں
پاسپان ئے قادریں

باز پاسپان ئے قادریں
شپ پوشئے چادریں

یک اللہ من فقیراں
پیرہ منی دستگیراں
اللہ ذوالجلالیں
قادر برقراریں

ش

فرد　پھول سا بچہ مرا
پاسباں اس کا خدا

کورس　پاسباں اس کا خدا
اس پہ ہو ظلِ الٰہ

فرد　میں ہوں خدا کا فقیر
پیشہ مرا دستگیر
میرا خدا ذو الجلال
قادر و دائم مثال

باز

اللہ اللہ ہو انت
واجب مے خدا انت
محمد مصطفےٰ انت
اللہ اللہ ہو انت

یک

مشقط ءَ ییمپج دشکر
من چو چپل ءَ درمان دِاغ

باز

لا الٰہ الا اللہ رسول
منی کپتوکت ءَ پروا مبات

کورس اللہ ہو، اللہ ہو

ہے مرا آقا وہی

اور محمدؐ نبی

اللہ ہو، اللہ ہو

فرد مسقط کا پستہ اور قند

درماں ہے میرے لال کا

کورس پروردگار دو جہاں

زچہ کا تو ہے پاسباں

سپت

یک کے واب وکے آگا

باز بندہ واب و خدا آگا

یک سپت و ثناءَ خدا لائق انت

باز خدا لائق انت و رسول لائق انت

یک بیرک گوں پلاں قائم ءَ

بیرک گوں پلاں دائم ءَ

باز مست مست قلندر لاہُو

شہباز قلندر لال

ثنا

فرد	کون ہے جاگا کون ہے سویا

کورس	بندہ سویا رب ہے جاگا

○

فرد	خدا ہی لائق حمد و ثنا ہے

کورس	محمدؐ مظہرِ شانِ خدا ہے

○

فرد	پرچم ہو ترا قائم

پھولوں سے سجے دائم

کورس	مست قلندر لاہو

شہباز قلندر لال

لولی

لولی کو مغربی بلوچستان میں نازینک کہا جاتا ہے
نازینک نازینگ سے مشتق ہے جس کا مطلب "ہے"
بچے کو لوری دے کر سلانا — ظاہر ہے یہ گیت عورتیں
ہی گاتی ہیں بلوچی نازینک یعنی لولی (لوری) میں عموماً بہادرانہ
اور شجاعانہ جذبات کا اظہار ہوتا ہے۔

چمّ ءِ چراگ

لولی دیاں لال ءَ وَتی
لال ءَ وَتی لولی دیاں

بُجّی منی چمّ ءِ چراگ
مٹّے دیدگ وزرد ءِ مراد
زحشم ءِ جنّ و نام ءِ درار
نام تئی پُت ءِ دشنام بیت
قبر پیرک ءِ انبوہ بیت

چشم و چراغ

مرے چاند

مُنّے

مرے دِل کے ارماں، آنکھوں کے تارے، نظر کے اُجالے

مرے لال

مُنّے

— تو جلدی بڑا ہو کے تلوار اُٹھا لے

میں دِل کو سنبھالے

اُسی دِن کی ہوں منتظر

— باپ کے خوں کا بدلہ حریفوں سے لے

باپ دادا کی قبروں کو روشن کرے

ماں مرے پیارے.

لولی دیاں لال ءُ وتی

لال ءُ وتی لولی دیاں

چسم ءِ چراگ نزدوہ مُراو

پس بچاری مرتگ

زہم ات جُبت ونام ات درآرت

توکیں سروگو لپے کتنیں

کائیں تئی قبرجکہ سرا

موتک ءِ بدل ءَ سالوکنیں

تئی مرتگ ءِ دو بچہ پیدا کنیں

لولی دیاں لال ءُ وتی

لال ءُ وتی لولی دیاں

میرے دل کے سہارے

مرے چاند

مُنّے

——— مرے لال

مُنّے

اگر جنگ میں تو بھی کام آ گیا

میں دلہن کی طرح سج کے ہالو[1] ترے نام پر گاؤں گی

ایک تجھ سا جیالا سپوت اور دوں گی جنم

(مجھ کو موتک[2] سے کیا واسطہ)

——— اے مرے لاڈلے

میرے دل کے سہارے

نظر کے اُجالے

مرے چاند مُنّے

1۔ ہالو — شادی بیاہ میں گایا جانے والا گیت

2۔ موتک — موت کے سوگ میں گایا جانے والا گیت

لولی دیاں بچّڑا

علم دیں پُل گدیں ورنا بیت
بندیت ہر ششیں ہتیاراں

ڈھال و توپک و کاٹار ءَ
زیری جالوءَ مور تیشاں

تا شیت مرکباں ترندیاں
جوریں دژمناں پراُمیت

بدواہاں شکوں دیم کنت
تیراں جبا بہانیاں جنت

علم دیں پُل گدیں ورنا بیت
بندیت ہر ششیں ہتیاراں

میں اپنے لال کو لوری سناتی ہوں

علم دیں میرا منّا ہے

مرا منّا بڑا ہو گا

کٹار اور ڈھال، بندوق اور ترکش سے سجا ہو گا

مرا منّا بڑا ہو گا

مرے منّے سا کوئی بھی نہ ہو گا شہسواری میں

وہ جب میداں میں آئے گا تو دشمن منہ کی کھائے گا

جواب اس کا نہ ڈھونڈے سے ملے گا رزم کاری میں

علم دیں میرا منّا ہے

مرا منّا بڑا ہو گا

مرے بیٹے کی محبوبہ جو ہو گی پھول شہزادی

مرے بیٹے کی جرأت سے

دستارے گلابی پُلّے

دستار و شدل و دوشالے

علم دین ءَ بہادری ءَ

سردار قاصدے شستائیت

بیاریت زخم جنیں علم دین ءَ

مئے جنگیں گوں دُژمناں جوڑ بیاں

گوں ڈیہ ءِ ظالمیں بدواہاں

آخر سوب مئی بیت کنت

جوڑیں دژمناں پرّا امیت

بدواہاں شکوں دیم کنت

کاریت گوہراں گرانیناں

گوں لکھ وطنداری فوجاں

لولیاں دیاں بچّارا

لولی لکھ مُرادیں لال سوءِ

مرے بیٹے کی شرارت سے

بہت ہی شادماں ہوگی

مرا مُنّا بڑا ہوگا

پیامی بادشہ کا آکے یہ پیغام دے گا

"اے جیالے سورما!

اے مردِ شمشیر آزما!

تجھ سے جواں کی ضرورت ہے وطن کو

دشمنوں کے خون سے کر آب یاری قوم کی

اور سُرخ رُو ہو جا۔"

جلو میں اس کے ہوگا لشکرِ جرار

سیم و زر کا اک انبار

فاتح بن کے لوٹے گا

مرا مُنّا بڑا ہوگا

میں اپنے لال کو لوری سُناتی ہوں

خُدا وندا مرے ارمان پورے ہوں

زہیروکؔ

زہیروک کو زہیرگ، زہیرنگ یا زئروک بھی کہا جاتا ہے۔ زہیر کے معنی ہیں یاد۔ اس لئے گیتوں کی اس صنف میں عام طور پر انتظار، ہجر و فراق وغیرہ کے مضامین کا بیان ہوتا ہے زہیروک عام لوک گیتوں سے قدرے مختلف ہے۔ اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ یہ مخصوص غم ناک موسیقی کے ساتھ گائی جاتی ہے۔ چونکہ یہ صنف دانستہ تخلیق کی جاتی ہے۔ (مثلاً ماہتاز اور اشرف دُرّا وغیرہ کے زہیروک) اس لئے بعض لوگ اسے بلوچی شاعری کی مروجہ اصناف ہی میں شمار کرتے ہیں، مگر الگ موقع محل کی مناسبت سے یہ لوک گیتوں کے زمرے میں آجاتی ہے۔

زہیروک عام طور پر عورتیں چکی پیستے وقت گاتی ہیں۔ چکی کی آواز بھی اس گیت کے تاثر میں مدد دیتی ہے مکران کے علاقے میں شتربان اسے سفر کا ساتھی سمجھتے ہیں۔ اور اس گیت کے غمناک آہنگ سے بچھڑے ہوؤں کی یاد تازہ کرتے ہیں۔

زہیروک بلوچی کی ایک مخصوص طرز موسیقی کو بھی کہا جاتا ہے۔ المناک موسیقی اور کبھی کبھار مضامین کی مماثلت کی مناسبت سے بعض لوگ اسے موتک (جو ایک علیحدہ لوک صنف ہے) سمجھنے کی غلطی کرتے ہیں۔

زہیروک

چو پہ تئی عشکءَ
من گپتگوں کشکءَ

تئی مرے دُوری
چمّانی کوری

مہپُراں رندے
مئے دِل ءُ سندے

زہرِ وِک

دشتِ جہاں میں

تیری تمنّا ــــــ روشن ستارا

تیرے غموں سے

ہم سوختہ جاں ــــــ اے جانِ جاناں!

تیری جُدائی

قلب و نظر کی ــــــ مرگ و تباہی

دیوانگی ہے

تیرا بچھڑنا ــــــ دِل کا اُجڑنا

تو بس رہی ہے

دِل میں ہمارے ــــــ گیسو ستارے

او سبزیں کپوت

او سبزیں کپوت بردے سلاماں

اودی کدی بوت　　سالے پدی بوت

او سبزیں کپوت بردے سلاماں

کاسے بنی ساتے　　باریں کھباے

او سبزیں کپوت بردے سلاماں

ولیت ترا کہن ئے　　الوکش وتہنا

او سبزیں کپوت بردے سلاماں

زردیں کوپچ ئے　　دیم تتی پہ روچ ئے

او سبزیں کپوت بردے سلاماں

کہ رواں مجلا انت　　دو دستی دلا انت

او سبزیں کپوت بردے سلاماں

اے سبز کبوتر

اے سبز کبوتر مرا پیغام سُنا دے

بچھڑے ہوئے من میت
اک سال گیا بیت

اے سبز کبوتر مرا پیغام سُنا دے

تو آئے نہ آئے
لیکن تو کہاں ہے

اے سبز کبوتر مرا پیغام سُنا دے

تو مجھ سے ملی تھی
پنگھٹ پہ اکیلی

اے سبز کبوتر مرا پیغام سُنا دے

رُخ اونٹ کا مرے
سورج کی طرف ہے

اے سبز کبوتر مرا پیغام سُنا دے

برقت افلا اور دھوپ
اس دل میں ترا روپ

اے سبز کبوتر مرا پیغام سُنا دے

اومنی جان بیا

دوشی ئیں فنریاتاں کپوتالی

خاطر ویں گرتگ دردو چیلانی

اومنی جان بیا کہ بیا ھُمائے

نودسمے ءَ انیل لوٹیں زراں کا یاں

ماگشاں دو شتے صبر اں کایان

ءُ ا سیشہ ءُ ھما

آ مری جان

شبِ رفتہ کبوتروں کی صدا
کر گئی میرے دل کو افسردہ
اے مری جان آ
آ مری جاں تجھے خدا لائے

پھوار نیلے سمندروں سے چلی
میں یہ سمجھا ترے مہکتے ہوئے
مست گھنگھور گیسوؤں سے چلی

من بہارگاہ ءَ گوارگ وُ پلّاں

گِند منی گو گائیں دل ءَ عُباں

کوچگ وِ گیابان ءَ وُت و میلاں

بات من ءَ گُل ءَ نندگا نیلاں

قاصد ءَ دوست ءِ چم منی راہی

دروت و احوالاں گوش مستاگی

او منی جان او کہیبانی

عنبرو شبوئیں زبادانی

بیا کہ بیا ھئے او منی جان

کوئی دیکھے بھری بہاروں میں
خوشبوؤں کی حسیں پھواروں میں
دلِ ناداں تری امنگوں کو
دوست صحرا میں ہے یہاں اُس کی یاد
یہاں اس کی یاد
گھر بیٹھنے نہیں دیتی
کوئی مژدہ کوئی پیام آئے
میں ہوں اس انتظار میں کب سے
چشم بر راہ گوش بر آواز
اے حسینِ زباد افشاں آ
جانِ جاں آ
آ مری جاں تجھے خدا لائے

لیکو

لیکو کو لیکو یا ڈیکو بھی کہا جاتا ہے۔ شتربانوں اور چرواہوں کا یہ گیت خاران کے علاقے میں خاص طور پر مقبول ہے۔

اس گیت میں عموماً مسافرت کا کرب، جدائی کا دکھ اور وصال کی خوشی بیان کی جاتی ہے اور بھیڑ بکریوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔ اور پہاڑوں بیابانوں کی منظر کشی ہوتی ہے کہیں کہیں یہ اسے صنف زہیروگ سے بھی مماثل ہوتی ہے لیکن اس کی مخصوص دھن زہیروگ سے ممیز کرتی ہے۔

یہ گیت اکثر و بیشتر دونلی یا سروز (بلوچی ساز) کے ساتھ گایا جاتا ہے۔

منی مہری

جمری ٹکے رزبہ آسمان ءُ
دنت منی مہری ءَ من ءُ تران ءُ

مہری ءِ داریں نام ءِ چار گوشیں
تی بی ءِ سوارانت سہرو چیت پوشیں

مرا اونٹ

بلند آسماں پر
یہ بادل کا ٹکڑا
جو دیکھا
مجھے یاد آیا
بیاباں میں اونٹ اپنا
مرے اونٹ کا نام ہے چار گوشہ
اور زینت ہے اس کی
جواں سال بی بی
نئے سرخ جوڑے میں ملبوس

مہری ءَ داریں کیسہ و سرزانیں
دور سفریں منزل چمین ارزانیں

شہ من د شہ تو کپتہ درمیانیں
نہ دست کائے نہ سلام گوئیں

اے کپوت چاپی جو سرا لڈیت
بارگ ءَ گیریں دل جنی بڈیت

بارگی بالاد ءَ بلند نیا
سوار انت مہری ءَ سمند نیا

مرا اونٹ ہے چاق چوبند

پھرتیلا

اب میری منزل مرے سامنے ہے

مرے اور ترے درمیان

یہ بلند اور مشکل پہاڑ

کیسے دو دل ملیں، کیسے پہنچے سلام و پیام

یہ چاہی کبوتر سراسیمہ جو

جو خراماں ہے

جب دیکھتا ہوں

تو دل تیری یادوں کی گہرائی میں ڈوب جاتا ہے

مری محبوبۂ سرو قد

آج کس شان سے

اُسپ رفتار اشتر کے محمل کی زینت بنی ہے

بیدءِ سایگ

نشتگوں بیدءِ ساھگءَ

من چہ کہ بیوانیں جلءَ

بیزلی نشتہ گپّ کنت

ءُ مے دلءِ چوں گپّ کنت

بید کا سایہ

بید کے سائے میں بیٹھا ہوں
(پھر بھی) اک تپتا صحرا ہوں

سبز لی بیٹی بول رہی ہے
(کانوں میں رس گھول رہی ہے)
دل ہے جیسے کِھلا گلاب

من رُتھیں شہرءَ من رُتھیں
پہ توءَ شُنگی ءَ گریں

پاد ھبشگی چاپ جناں
نشٹ بلوٹ لوگ ءَ

میشانی آپی برزی
چاپ ءَ درکپاں سالونی

میشانی آپ ءِ چمگ ءَ
گوشں کرتی جھمگ ءَ

جب جاؤں گا میں شہر

وہاں سے لاؤں گا

انمول تحائف تیرے لئے

پاؤں یوں بجتے ہیں

جیسے سانولیوں کی تالیاں

اور ہونٹوں پر سیے ہر لوحضا ... و

بھیڑیں نہر پہ جھکی ہوئی ہیں

سانولیاں ضرور تالیاں پیٹتے

گھروں سے نکلی ہوئی ہیں

بھیڑیں آئی ہیں چشمے پر

پانی پینے

اور اُن کے ممیانے کے بے ہنگم شور میں

کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی

گجیبرِ جان

قرآن ءِ ایرکنتیں زان ءِ
بنازینیں خداحسان ءِ

گجیبرِ جان کہ چداں گون

دل ءِ ارمان دل منت

گجیبرِ حسان ڈانگے نو تیں
پری زاتاں ددی یو تیں

تئی مود بارگیں گل انت
انارک ءِ حامگیں پل انت

دل اوں منت ءِ بی بی ءِ
سر ءِ ول کپتہ عزبی ءِ

منی تئی اندریں دوستی
خداحق بیت سرا بوشتی

کجبیہ جان

میں رکھ کے زانو پہ قرآن پاک بیٹھا ہوں
خدا کی حمد، خدا ہی کا ذکر کرتا ہوں

کجبیہ[1] جان یہاں سے کچھ اس طرح گذری
میں کچھ بھی کہہ نہ سکا اور دل کی دل میں رہی

کجبیہ جان ہے رسیلا سا توت[2] کا دانہ
وہ جیسا حسن لگتا اک معجزہ ہے پریوں کا
سیاہ بال گھٹاؤں کے شامیانے ہیں
عذار انار کی کلیوں کے آشیانے ہیں
دل اس کی چاہ میں پاگل ہوا اسیر ہوا
میں اس کے در کا بھکاری ہوا فقیر ہوا

اس آگ میں مری جلتی ہے کا تنہا تن جلے
مگر دلوں کا یہ سمبندھ وہ کاش پھولے پھلے

۱۔ جیرجان۔ جمیرہ کا فرضی نام
۲۔ توت۔ شہتوت

ماہ جان

ماہ جانءِ لانٹی زراتہنت
چہ خمارو ترّاتءِ انت.

ربءِ درءِ دِل مانگو
مہرءِ دُتی من ایمن

زندءِ وْتی سرگوستگاں
قولءِ تیءَ گانشتگاں

ماہ جان

لائقی[1] مہ جبان[2] کی ہے چپ اتنی سی
اور آنکھیں خمار آلودہ
مجھکو اللہ پر بھروسہ ہے
دل مرا پیار میں ہے آسودہ

زندگی خندۂ شب ہے کیا کہئے
کاش یہ عہد استوار رہے
اپنا رومال تحفتہ دیدے
تاکہ یہ ایک یادگار رہے

---

۱. لائقی۔ نام
۲. مہ جبان۔ فرضی نام

تو کے روئے من چوں کناں
رومال ءَ دے کہ بو کناں

رومال تئی مسک و ڈُنیں
جیگ تئی ءِ چشت ءَ نیں

رومال تئی بو ءَ بکنت
تئی دروت وانبوہ ءِ بدنت

تیرا رومال تیرے ہاتھوں کا
تیری آنکھوں کا تیرے ہونٹوں کا
سارا جادو سمیٹ لائیگا

تیرا رومال
تیرے گالوں
اور ان مہکے مہکے بالوں کی
ساری خوشبو سمیٹ لائیگا

ماہ گُل

ارماں پہ ماہ گُلی گُلّ ءَ

دیمءَ دو دستاں ءِ ظلءَ

ما گُلی کرتی سنت انت

جھلک ءِ جنکاں دیست انت

ماگُل پُلے نرگسی

منی دِل پہ ماہ گُل تلوسی

اللّٰہ خلاصیاں چون کنیں

فریات و زاراں چون کنیں

ماہ گُل

ماگول[1] سی لڑکی کوئی کیسے نہ چاہے
وہ دانت طلائی ہیں پھبن جن کی نرالی
ہلتی ہوئی کرتی[2] کی ادائیں ہیں انوکھی
وہ گاؤں کی ہے کنواری نظر کی ہے تمنّا
ماگول کا چہرہ ہے نئی رُت کا نیا پھول
دِل دشتِ محبّت میں اُڑاتا ہے مگر دُھول
اللہ کروں کیا کیسے ہمراز بناؤں
کس سے کروں فریاد کسے درد سناؤں

---

۱ ماگول ۔ فرضی نام
۲ کرتی ۔ کان کا زیور

لیلڑی

سوت کی طرح لیلڑی بھی بلوچستان کا ایک بےحد مقبول گیت ہے۔ لیلڑی کی تشبیہ پورے گیت میں لفظ لیلڑی کی تکرار ہے۔ لیلڑی کے ایک ایک مصرع کا الگ الگ مطلب تو نکل سکتا ہے لیکن جب پورا شعر پڑھا جاتا ہے تو وہ معنوی طور پر غیر مربوط ہو جاتا ہے اور یہی لیلڑی کی خصوصیت ہے۔

لیلڑی ءُ لا

لیلڑی ءُ لا

بے وانگی ءِ گوشتے
لیلڑی ءُ لا

دیدگان دوستے
لیلڑی ءُ لا

ادا نہ نندانں
لیلڑی ءُ لا

تئی مست ءَ نہ گنداں
لیلڑی ءُ لا

بیا ترا گنداں
لیلڑی ءُ لا

آرام ءَ نندانں
لیلڑی ءُ لا

لیلڑی ءُ لا

لیلڑی ءُ لا

چُپ چُپ کھڑی ہو   لیلڑی ءُ لا
ضو آنکھ کی ہو   لیلڑی ءُ لا

اب نہ رہا جائے   لیلڑی ءُ لا
تم سامنے مل پائے   لیلڑی ءُ لا

...چلی آؤ   لیلڑی ءُ لا
...اب نہ تڑپاؤ   لیلڑی ءُ لا

مهتران نوینان   لیلڑی ءِ لا
تئی چم کجبلینان   لیلڑی ءِ لا

میشانءِ دُشتہ   لیلڑی ءِ لا
ھیبانءِ ھشتہ   لیلڑی ءِ لا

آسپانت کوھانی   لیلڑی ءِ لا
ھمے نوجوانی   لیلڑی ءِ لا

اُلفت سے جھل مل	لیلڑی ہُو لا
آنکھوں کا کاجل	لیلڑی ہُو لا

بھیڑوں کا دودھا	لیلڑی ہُو لا
پونچھا پسینا	لیلڑی ہُو لا

پربت کا پانی	لیلڑی ہُو لا
میری جوانی	لیلڑی ہُو لا

لیلڑی

لیلڑی ءُ لا

کاسئے کمندان ءُ　　لیلڑی ءُ لا

بیگاں رندان ءُ　　لیلڑی ءُ لا

آپ ات رُبانی　　لیلڑی ءُ لا

صورت پریانی　　لیلڑی ءُ لا

آپ ات بُنانی　　لیلڑی ءُ لا

جزگ ھنجانی　　لیلڑی ءُ لا

ڈاچی بگانی　　لیلڑی ءُ لا

چپاری دگانی　　لیلڑی ءُ لا

سِشرانی کلّو　　لیلڑی ءُ لا

دل مئے نہ جلّی　　لیلڑی ءُ لا

لیڈی

لیڈی ع لا

تو آئے مسکائے	لیڈی ع لا
زلفوں کو لہرائے	لیڈی ع لا
تو ہے آپ مری	لیڈی ع لا
جیسے کوئی پری	لیڈی ع لا
تو آپ کہسار	لیڈی ع لا
کونج سی ہے رفتار	لیڈی ع لا
اک لگ[۱] کی ڈاچی	لیڈی ع لا
راہوں کو تکتی ،	لیڈی ع لا
دودھ بھرے مشکیزہ	لیڈی ع لا
دل سے ترا آویزہ	لیڈی ع لا

۱؎ لگ - اونٹوں کا گلہ

لیلڑی

لیلڑی ءِ لا

سیوی دوگامیں   لیلڑی ءِ لا
دوست ءِ پیغامیں   لیلڑی ءِ لا
کوچبانی ٹولی   لیلڑی ءِ لا
وش انت بولی   لیلڑی ءِ لا
سیوی سلطانیں   لیلڑی ءِ لا
جند تئی ملتانیں   لیلڑی ءِ لا
سیوی ءِ سولاں   لیلڑی ءِ لا
تاں ھستاں لیولاں   لیلڑی ءِ لا

لیلڑی

لیلڑی ءُ لا

سیوی ہے دو گام　　لیلڑیاں لا
دلبر کا پیغام　　لیلڑیاں لا
کونجوں کی ٹولی　　لیلڑیاں لا
شیریں ہے بولی　　لیلڑیاں لا
سیوی ہے سلطان　　لیلڑیاں لا
اور لعل ہے ملتان　　لیلڑیاں لا
سیوی اک جہان　　لیلڑیاں لا
ڈھونڈوں تجھے کہاں　　لیلڑیاں لا

لیلڑی

لیلڑیاں لا

کلاۓ تو نیۓ لیلڑی ءَ لا

کے زانت کجے لیلڑی ءَ لا

کلاۓ تو پہ گام ءَ لیلڑی ءَ لا

رنجاں پہ تئی نام ءَ لیلڑی ءَ لا

کلاۓ تو مروچی لیلڑی ءَ لا

لوظ تئی بلوچی لیلڑی ءَ لا

لیلڑی

لیلڑیاں لا

تو آئے نہ آئے — لیلڑیاں لا

کدھر ہے کہاں ہے — لیلڑیاں لا

تو پیدل جو آئے — لیلڑیاں لا

تو میں تیرے صدقے — لیلڑیاں لا

جو تو آج آئے — لیلڑیاں لا

بلوچی وفا ہے — لیلڑیاں لا

لیلی مور

وسطی بلوچستان میں یہ گیت اس قدر مقبول ہے کہ بیک وقت دو زبانوں، بلوچی اور براہوی میں گایا جاتا ہے؛ لیلی مور میں تقریباً ہر نوع کے جذبات کا اظہار ہوتا ہے۔ اس صنف کی وجہ تمیز اس کی مخصوص دُھن ہے۔

بیائنی لیلیٰ

بیائے منی او لیلیٰ دل منی جوش کنت
تئی ورنائی کلیں اہو مردُماں بے ہوش کنت

روچ ءِ ترا پولگاں شپ ءَ تراگندگاں
دل منی گوں تو انت من درا رولغاں

اے جہاں کے بزانت گوں من ءَ چوں کنت
ارس کنت دیدگاں کہ دل ءَ حون کنت

آ بھی جا

دل ترے عشق میں مست و سرشار رہے
سامنے آ بھی جا کون ہشیار رہے

دن کو تیری لگن، شب کو دیدار رہے
تو ہی دلبر مرا، تو ہی دلدار رہے

مجھ کو دُنیا نئے دوں راس کب آئے گی
آگ برسائے گی خوں اگلوائے گی

ڈیہی

ڈیہی، بلوچستان کے مشرقی علاقوں کا مقبول لوک گیت ہے
ڈیہہ کے معنی وطن، اور ڈیہی، وطن سے متعلقہ کے معنی رکھتا
ہے مگر اس صنف میں وطن یا علاقے کے تذکرے کی کوئی خاص
پابندی بھی نہیں برتی جاتی۔ ڈیہی میں ہجر و فراق کا ذکر بھی
کیا جاتا ہے۔ یہ صنف کہیں کہیں اپنی مخصوص دھن سے قطع نظر
سوت سے مشابہت رکھتی ہے۔ یعنی وہ تمام مضامین و خیالات
بیان ہوتے ہیں جو سوت اور لاڑوک وغیرہ کا لازمہ ہیں۔

بلوچستان کے بعض علاقوں میں ڈیہی لوک گیت پہچانے
بھی یونہی جاتے ہیں۔ کہ ان میں لفظ "ڈیہی" کی تکرار ہوتی ہے
حالانکہ لفظ "ڈیہی" کی تکرار اس صنف سے متعلقہ گیت کیلئے
لازمی نہیں۔ ٭

نور شلت نوداں

مروچي نور شلت نوداں شما پہ شادہ و شو داں

پیاپیں کوہ کرو گرنداں

بگوا ریت مۓ سرو بنداں

اماں ہو جبا گہ و ہنداں

مروچي نور شلت نوداں شما پہ شادہ و شو داں

زمین ہۓ در گہی لوھاں

دمانے پُر گنت جو ہاں

بیا ریت دلبر ہۓ بو ہاں

مروچي نور شلت نوداں شما پہ شادہ و شو داں

گلاب و چیدن و قطراں

زباہی چو ہو و عطراں

پھوارو نور برساؤ

پھوارو نور برساؤ!
بہاریں کھکھڑو آؤ
لرج کر قریہ جاناں میں جاکر رم جھم آؤ
حسن و کیف و رنگ چھلکاؤ
پھوارو نور برساؤ!

زمیں کے کہنہ یارو!
کوہسارو!
مرمر و سیم و زر و آہن کے انبارو
ذرا ان تشنہ لب خشک آب دریاؤں کو چھلکاؤ
پھوارو نور برساؤ!

لونگ مطلب و حیران

مروچې نورشلت نو دان شما په شاده و شو دان

تمامیں مشک دِ عنبران

سچو کیں دوپ دِ غنازان

شما په زهد دِ زبیناران

مروچې نورشلت نو دان شما په شاده و شو دان

جنت من لعنت نیں پاسان

په جنیت انبوئیں پاسان

شہانی ڈکمیں ساهان

مروچې نورشلت نو دان شما په شاده و شو دان

لشنگیفنے سحرگاهان

سکینت لبڑو اروا حان

درانگازت دِل سِو رازان

مروچې نورشلت نو دان شما په شاده و شو دان

ذرا ان مشک پروردہ شب آسا گیسوؤں والی حسینہ کی خبر لاؤ

پھوارو! نور برساؤ!

گلاب و چندن[2] و مشک و زباد[3] و مہلب[4] و دھوپ[5] و کلمبر[6] اور عنبر

نقرئی طاسوں میں بھر بھر کر

خلوصِ شوق اور حسنِ تقدس سے گھنی شب کی مہکتی تیرگی میں گھول کر

وقتِ سحر رنگیں شفق کی احمریں کرنوں پہ بکھراؤ

حسیں جذبوں کو اُکساؤ!

پھوارو، نور برساؤ!

ع۱ کہکرو۔ پہاڑوں کی چوٹیوں پر بادلوں کے ٹکڑے جو بارش کی آمد کے مظہر ہوتے ہیں۔

ع۲ [illegible]

زهیرگیں دِل

اودلبر بیاکہ زہیرگیں دِل

چو شپ شنگتہ مہپرانی ہتم

خماراں خماراں تئی قدحیں چم

چو مرواریءَ انت تئی دنتاں ہمے شہم

دِل ءِ قیمتءَ انت بلے دردءُ غم

اودلبر بیاکہ زہیرگیں دِل

جتائے تو اچ ما جتا انت جہاں

دل اوں سوگ زوریت لپ شاد اِں

چو لبّا می حوراں مئے چم گور نگاں

چو بے سا ہیں شاہءُ من ہر گوستگاں

دِل کو چین نہیں

آ مری جاں کہ دِل کو چین، نہیں

تیرے رشکِ تابِ گیسوؤں کی بہار
تری آنکھوں کا مہکا مہکا خمار
سلکِ دنداں پہ گوہرِ شہوار،
میرے دِل کا اُجڑ گیا ہے قرار

آ مری جاں کہ دِل کو چین نہیں

جب سے اے جاں بچھڑ گئی ہے تو
مٹ گئے رنگ اُڑ گئی خوشبو
اب مری کائنات ہیں آنسو
اور یہ پارہ پارہ رُوحِ حزیں

او دلبر بیا کہ زهیرئے یگیں دل

تو دوستے من ءَ چو دوئیں دیدگانءَ

کہ اچ تو من اے گوڑدءَ زندگانءَ

منی مهرانی بانک منءَ دردی مکانءَ

من بے تو نہ باں ساعتے درجهانءَ

او دلبر بیا کہ زهیرئے یگیں دل

شہ کعبہءَ کنءَ سوگہ جڑ در کپانءَ

نہ ملنت ڈگار ڈیہہ آباد باں

پہ سبزگ زمین و زماں گل کناں

جتائی تئی انگت ءَ داغ داں

او دلبر بیا کہ زهیرئے یگیں دل

آمری جاں کہ دِل کو چین نہیں

میری آنکھوں کی روشنی ہے تو
دِل کی دھڑکن ہے زندگی ہے تو
تو مرا غم نہ بن خوشی ہے تو

آمری جاں کہ دِل کو چین نہیں

جانبِ کعبہ سے اُٹھی ہے گھٹا
جل تھل ہو جائیگا بن ہو یا صحرا
اور شاداب ہوگا ہر قریہ
لوگ سب بھی مگر رہیں گے غمیں

آمری جاں کہ دِل کو چین نہیں

بزگین دلڑی

بزگیں دلڑی تئی ازاب گنوخ کن
دنت کہ نبجیت گڈا بنداچوں کن

گریتو گریتو من میںت فرش
دوستیں منی ظالم نیاری ترس

مرد ھمائے حلک ءَ مزنیں
پارت ءَ استیں لجلوچمیں

اے دلِ ناتواں

دیوانہ ہو تو اے دلِ محزوں خدا کرے
جب کچھ نہ بن پڑے تو پھر انساں کیا کرے

اشکِ رواں سے فرش بھی نمناک ہو گیا
اس بے وفا کا دل نہ مگر موم ہو سکا

وہ شخص کس قدر ہے قبیلے کا لاڈلا
اس چشمِ سرمہ سا کی جسے مل گئی وفا

گیدیءَ گل شاں مانوخ دیت

مئے چہ غنیدانت مابلو نہ دیں

تنگیں دلڑی تئیءَ دیدءَ سیر کن

چہر و بیا ڈیہءَ روش داں ایر کن

بل کہ بہ چپاں شہ انگریزے

پہ تیر و تفنگاں من سراءَ

من ترا گوشتہ منی سرڑی تئی ئیں

وَت ترا دالوں تی دعواکنی ئیں

شہرہ یہ شہر میں ہے کہ ہنگام عید ہے
اپنی تو عید جانِ وفا تیری دید ہے

جا رہی ہے جو گاؤں تو جا جنت نظر!
ٹ آنا اس سے پہلے کہ دھندلائے رہگزر

آزاد ہونے دے مجھے قیدِ فرنگ سے
افرنگ ش بچ سکے گا نہ میرے تفنگ سے

جاں دادگی تو اپنی ہے مشہور ایک لت
حال غیر کا ہے دعویٔ جاں دادگی غلط

آزاتی ءِ جار

دوستی ءِ نیام ءَ مارا نیستیں ہوش
ماخوں مسافرنت ءَ ما کادیں روش

وطن انت ہر چوں من کلاں دیانے
بات کنوں نیستت، گرداں روانے

قسمت ءِ کاراں کہ کو منی ءَ بندانٔ
بیتہ نصیب ءَ وتی لیبو ءِ گندانٔ

گندے تہ ہنچو جہان شادہاں کن
من بشنگین ڈوبر مارا ساہے ماں کن

سوزین مرغے بال کنا غاتیں
آزاتی ءِ جار جناغا تیں

سوزلیں زال تہ بل دے لیکرانٔ
من زیلاں چیشاں تی گندغا کایانٔ

یہ قید یہ ستم

تقدیر میں ہے دشتِ جنوں کی مسافری
اڑیں گا چمن اُدھر کا جو بچھڑا ہوا کبھی

جب تم تو نہیں وطن کی بہاروں کو کیا کروں
اس جنتِ حسین کے نظاروں کو کیا کروں

یہ قید یہ ستم مری قسمت میں ہے رقم
قسمت میں ہے رقم تو یقیناً ملیں گے ہم

یوں مسکرا کہ ساری فضا مسکرا اُٹھے
جسمِ فگار بھی یہ مرا مسکرا اُٹھے

دیکھو پرندِ سبز وہ پر تولتا ہوا
مجبوریٔ حیات میں سم گھولتا ہوا

اے سانولی سلونی! پریشان یوں نہ ہو
تو میری قید و بند سے ہلکان یوں نہ ہو

بیا بیا منی جان

تو بیا بیا منی جان زھیرہ بیتگان
شہ اے زندگیءَ فقتیہ بیتگان

من اچ تہ جُدایاں دا نکو زندگان
شہ اے زندگیءَ مُرتیءَ گہان

تو بیا بیا منی جان زھیرہ بیتگان
شہ اے زندگیءَ فقتیہ بیتگان

دروغیں زوانءَ دیمے تہ منان
دیمے تنگیں دل چو کہ آسش کنان

تو بیا بیا منی جان زھیرہ بیتگان

آجا مری جانؔ

اے مری جان آ کہ تیرے بغیر
زندگی بے قرار رہتی ہے

موت اچھی ہے ایسے جینے سے
ہجر کے تلخ گھونٹ پینے سے

اے مری جان آ کہ تیرے بغیر
زندگی بے قرار رہتی ہے

عہدِ فردا پہ یوں نہ ٹال مجھے
ڈس نہ جائے غمِ وصال مجھے

اے مری جان آ کہ تیرے بغیر

شہ اے زندگی ءَ فقیرہ بیتگاں

تہ کاۓ تئی دگ ءَ من اچّا کناں
دل ءَ شیر گیجاں من تئی لنتراں

تو بیا بیا منی جاں زہیرہ بیتگاں
شہ اے زندگی ءَ فقیرہ بیتگاں

تہ پاداں شفاۓ ترا کنگءَ مانکایاں
منۓ دردیں دل ءَ گندا انگرشاں

تو بیا بیا منی جاں زہیرہ بیتگاں
شہ اے زندگی ءَ فقیرہ بیتگاں

پیر و مریداں من گوانکءَ جناں
منۓ دلبرہ کذی گیت منۓ واہراں

تو بیا بیا منی جاں زہیرہ بیتگاں
شہ اے زندگی ءَ فقیرہ بیتگاں

زندگی بے قرار رہتی ہے

راہ میں تیری، فرشِ راہ بنوں
دل مضطر رہوں، نگاہ بنوں

اے مری جان آ کہ تیرے بغیر
زندگی بے قرار رہتی ہے

پا برہنہ نہ چل نیستاں میں
آگ برسا نہ دل کے بستاں میں

اے مری جان آ کہ تیرے بغیر
زندگی بے قرار رہتی ہے

کاش وہ مرشدِ بزرگ تجھے
میرے اُجڑے نگر میں لے آئے

اے مری جان آ کہ تیرے بغیر
زندگی بے قرار رہتی ہے

موتک

موتک کو بلوچستان کے مختلف علاقوں میں مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ کہیں موتک، کہیں موتیگ اور کہیں مودگ۔ مگر یہ مختلف جسم اس کی وحدت روح کی راہ میں کہیں رکاوٹ نہیں بنتے۔ موتک بلوچی موت سے مشتق ہے۔ جس کے معنی سوگ ہیں۔ اس میں مرنے والے کیلئے رنج وغم کا اظہار کیا جاتا ہے۔ موتک کا ہیئتی آہنگ زہیروگ کی دھن سے بہت حد تک مماثلت رکھتا ہے ۔ ؏

مکئیں مات ءِ دلءِ آہ

گار کنت، مہرى زیادہیں دوستی
قسا درمنی سبزءِ ءِ دامکن چوں دور

نا دوائیں دردانی طبیبی، ءِ
چکانی دیدار بے نصیبی ءِ

مکئیں مات انت کہ چو بدحالیں
من شپانی پاسّاں زہیرنالیں

زبوں حال شفیق ماں

شدّتِ عشق سے یہاں
اُجڑے بھرے بھرے جہاں
آنکھوں سے میری اے خدا!
نور نہ چھین تو مرا
درد کو لا دوا نہ کر
لختِ جگر کی دید سے
نورِ نظر کی دید سے
ایسا نہ بے نصیب کر
حالتِ مادرِ شفیق
کتنی زبون و زار ہے

ہر شپءَ شارءُ دامنءَ ءَ پچ

ترو نگلیں ارساں یکّ درّدے ریچ

غم منءَ کارچیگءَ دلءَ لگّنت

تاسکیں بچّانی روگ گرانیں

مکّتیں مات انت سینہ بر

من شپی پاساں لشتہ حیرا

دل میں دھواں سی وہ
راتوں کو اشکبار ہے۔

میرے جگر میں درد کا
شعلہ بڑھکتا رہتا ہے
دل ہے کہ بے سبب سدا
یونہی دھڑکتا رہتا ہے

ہائے وہ مادرِ شفیق
لختِ جگر کے ہجر میں
کتنی زبون و زار ہے

دل میں دھواں سی وہ
راتوں کو اشکبار ہے

واجہ کریمداد

بیا کریمداد گوں من سخن انیں
غمءِ شریک انت فرزند منی کانیں

اتلگنت تقدیر نقش وتا وانیں
سوٗتے آزمانءِ مشکلان گرانیں

غم منی ءِ کارچیگ دلءِ لگان
کم و ناکامءِ حساترا سگان

حالکت منءِ گنہ نیت ظاہر غرشتہ
چو نہ زانت منی جان و جگر برشتہ

ہے کریم داد

آ' اے کریم داد!

فرزند خوش سخن

تیرے فراق میں ہوں اسیرِ غمِ کہن

میں اک شکستہ خوردہ صد رنج و صد محن

اُمید کا چمن۔'

اس چرخِ شعلہ بار نے برباد کر دیا

تقدیرِ نابکار نے برباد کر دیا

اک ٹیس اک چبھن

مجبور زندگی کا مقدر بنی ہوئی

زخمِ جگر کا جاننے والا نہیں کوئی

میں ہوں شکستہ تن

زرد چو طوفانی ملتہ حارانؑ
لجبگنت بالاد زیاد حیبن زورانؑ

چو سگیت گوں ماتاں گشتاں ماتیؔ
منی دل ءَ نہ مندان برنت جلاتیؔ

دفنانِ غم نے لوٹ لیا حسرتوں کا شہر

تنہائیوں کا روح میں پھیلا ہوا ہے زہر

ایسے میں جانِ من !

جب کوئی طفل ماں کو پکارے تو کیا کروں

اِک تیر سا جو دِل میں اُترے تو کیا کروں

بدرِ مُنیر

بیا طوطی الحانیں امیر
نوشت بیاتاں شہد و شیر

عیش تنوب ءَ ذوق گیر
من گورتواں منت پذیر

اِچ من مبو گستا و دیر
بہ سریں دلءِ درّے بزیر

زبان انت منی ودر شمشیر
منڈیل و زربافیں حریر

گوں حکمت ءَ تاج و سریر
منی دستءِ بے گنجیں نظیر

ہر چند کرتوں پیہ پیہ
کسے ز لوٹ منی دستگیر

بدرِ منیر

آ، عزیزِ روح، خوش الحان امیر!
تیری قسمت میں رہو جوئے شہد و شیر

لوٹ رہے عیش جہد کا ذوق گیر
میں مگر تیرا رہوں منّت پذیر

تیری فرقت میں ہوں ظلمت کا اسیر
تو کہاں ہے اے مرے بدرِ منیر!

تجھ پہ قرباں کر دیا تاج و سریر
تج دیا ہے میں نے زربفت و حریر

مانگ دیکھی ہر دعائے بے نظیر
مان لی ہر منّت پیر و فقیر

پر ہوا کوئی نہ میرا دستگیر
آ، عزیزِ روح، خوش الحاں امیر!

کوہ ماران ءِ مسافر

شہ مچاں استیں ءِ سرءَ گشئیت
برز شہ ماراں ءِ کمسیں کوہ ءَ
کوکر، چو نہتا ءِ بیر میں پاگ انت
شپ گروک، میان گوھر ءِ تیغ انت
دریں شہ مُلّ ءِ سیمرینیں واگ انت

تا ہنی نوداں گوں شما غرض انتُ
گور منا والی زیارتاں گوارت
یکیں دے مونجانی گئے رژنیاں
درکپیت تنگو درد شمیں نہنت

کوہِ ماران کا مسافر

دُھند میں لپٹے ہوئے، دُور، بلند،
کوہِ ماران سے اُبھر کر بادل
وہ کرے کہ مرے نفرت کی دستار سفید
کوندتی برق ہے شمشیرِ برہنہ اُس کی
اور دُھنک اُس کے جوان اسپ کی مغرور لگام
بادلو برسو، بزرگوں کے مزارات پہ برسو، برسو
اور سپنہ تم جاؤ
کہ حسین نفرت کے درشن ہو جائیں
بادلو! کس کے دلِ تشنہ سے تم پھوٹتے ہو
کس کی احسان گذاری میں برستے ہو، بھگوتے ہو مجھے،

گال و لوٹی بیت گوں تانہی نوذ ان
شما کئی تنی بیئں دل ءَ کائیت ؟
شما کئی چم ءَ گریتگیں ارس ات
شما کئی ھنت ءَ من منئیت

چہ جواب داتہ تانہی نوذ ان
سیمک ءَ تنی بیئں دل ءَ کاوں
سیمک ءَ چم ءَ گریتگیں ارسوں
ماجن ءَ ویراں گونگ ءُ دیئہ
پہ توئے نہنت ءَ گنوخ بیئہ

پہ منی چنت ءَ نہنت مہمان انت
پہ من ءَ کار بیت چٹ و چنیاں ،

ہم تو سیمک ہی کہ تپتے ہوئے دل سے پھوٹے

اور برسے بھی تو سیمک ہی کی خاطر برسے

ہم تو آنسو ہیں تڑپتی ہوئی سیمک کی سدا روتی ہوئی آنکھوں کے

ہم نے دیکھی ہے وہ اُجڑی ہوئی خاتون

جو برباد ہے نہتا کیلئے

اور جسے آتشِ ہجراں نے بنا ڈالا ہے اک راکھ کا ڈھیر،

میرا نہتا مرا بانکا نہتا

جنگ میں کام نہیں آسکتا

رزم آرا ہے ابھی زندہ ہے۔

میں جو زندہ ہوں تو موت اس کو نہیں آسکتی

ہاں اُسے موت نہیں آسکتی

نئے تحفے، نئے جوڑے لے کر

اک دن آئے گا، ضرور آئے گا۔

(مطبوعه)

بلوچی اکیڈمی کی مطبوعات

۱۔ درچین ۔ جام درک ڈومبکی کا بلوچی مجموعۂ کلام
مرتب بشیر احمد

۲۔ بلوچ اعظم ۔ میرچا کر خان رند کے حالات زندگی
مصنف محمد سردار خان بلوچ (زیرطبع)

۳۔ فاضل رند ۔ کا بلوچی مجموعۂ کلام اور حالات زندگی
مرتب بشیر احمد (زیرطبع)

بلوچی اکیڈمی شارع اقبال کوئٹہ

Title Printed at the Pakistan Press, Jinnah R...